# (۲)

نام کتاب : To Regain Paradise Lost

مصنف : اشفاق الرحمٰن خان

ضخامت : 196 صفحات

قیمت : 100 روپے

ملنے کا پتہ : 51/2 ڈی بلاک' ماڈل ٹاؤن' لاہور

اشفاق الرحمٰن خان عمر رسیدہ' تجربہ کار' اعلیٰ تعلیم یافتہ اور پختہ ایمان و یقین کے مالک مسلمان ہیں۔ اپنے نحیف و نزار جسم میں وہ مضبوط و توانا دل رکھتے ہیں جو انسانی ہمدردی سے مملو ہے۔ کئی چھوٹی چھوٹی کتابوں کے مصنف ہیں جن میں اسلامی اخلاق و کردار کی نشان دہی کی گئی ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ یہ کتاب صاف ستھری' سادہ اور آسان انگریزی میں ہے۔ اس کتاب کا ایک حصہ تعارفی ہے جس کے علاوہ تین حصے اور ہیں۔ تعارفی حصے میں اسلام کے بارے میں کچھ غیر مسلموں کے تاثرات بیان کئے گئے ہیں جن میں اسلام کی متوازن' فطری اور سہل تعلیمات کی تعریف کی گئی ہے۔ مزید برآں چند نومسلموں کے بیانات بھی قلمبند کئے گئے ہیں جن میں انہوں نے قبولِ اسلام کے پرتاثیر واقعات لکھ کر اسلام کی حقانیت کا اعتراف کیا ہے۔

تعارفی حصے کے بعد پہلے حصے میں عقیدۂ توحید' مقصد تخلیقِ کائنات' قرآن مجید کی اہمیت' رسول اللہ ﷺ کی اطاعت جیسے موضوعات کو عنوان بنایا ہے۔ دوسرے حصے میں ارکانِ اسلام کی بحث میں نماز' زکوٰۃ' روزہ اور حج کے احکام قرآن و سنت کی روشنی میں بیان کئے ہیں جبکہ آخری حصے میں باہمی حقوق و فرائض کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔

کتاب صحیح اسلامی تعلیمات کا مرقع ہے جس کی بنیاد اسلام کے دو سرچشموں یعنی

© rasailojaraid